© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ مجلس احرار اسلام رحیم یار خاں کے قدیمی کارکن اور ضلعی صدر حافظ محمد اشرف صاحب کمبوہ کے چچا صاحب مورخہ ۳؍دسمبر ۲۰۱۶ء کو انتقال کر گئے۔

★ مجلس احرار اسلام چنیوٹ کے امیر اور مدنی مسجد کے خطیب مولانا محمد طیب معاویہ کے والد 18؍دسمبر کو انتقال کر گئے۔ انھوں نے اپنے بیٹے کو بچپن سے ہی دین کے لیے وقف کیا اور دینی تعلیم کے لیے قائد احرار حضرت پیر جی مدظلہٗ کے سپرد کیا۔ اللہ ان کی اس کوشش کو قبول کریں اور ان کے لیے صدقۂ جاریہ بنائیں۔

★ چیچہ وطنی میں مسجد ختم نبوت (رحمان سٹی) اور جماعت کے معاون ’’تحریک طلباء اسلام‘‘ کے سابق کارکن محمد بلال ایڈووکیٹ کے بڑے بھائی محمد ثاقب ظفر (چک نمبر: 39/14/L، ساہیوال) 16 نومبر کو انتقال کر گئے۔

★ مولانا مقبول احمد (سابق طالب علم دارالعلوم ختم نبوت) بلاک نمبر 15 چیچہ وطنی کے والد گرامی اور چیچہ وطنی جماعت کے معاون بھائی نصیر احمد (رحمان سٹی) کے چچا جان 7 دسمبر بروز منگل انتقال فرما گئے۔

★ مجلس احرار اسلام ضلع اوکاڑہ کے قدیم مخلص کارکن غلام دستگیر کے والد گرامی مولانا منظور احمد (موضع بارن پور) یکم دسمبر جمعرات کو انتقال فرما گئے۔

★ مدرسہ معمورہ ملتان کے مدرس مولانا نعمان سنجرانی کے تایا، قدیم احرار کارکن عزیز الرحمٰن سنجرانی مرحوم اور جناب حفیظ الرحمٰن کے بڑے بھائی اور جناب عاصم سنجرانی کے والد ماجد حافظ عبدالرحمٰن سنجرانی رحمہ اللہ، انتقال: ۲۷ربیع الاول ۱۴۳۷ھ/ ۲۷؍دسمبر ۲۰۱۶ء

★ مجلس احرار اسلام و مسجد ختم نبوت رحمان سٹی چیچہ وطنی کے معاون چوہدری محمد ندیم کے والد گرامی چوہدری ولی محمد 30 نومبر کو انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں چک نمبر 31.11.L میں ادا کی گئی۔

★ ماسٹر محمد ندیم شہزاد، چیچہ وطنی۔ (چک نمبر 45/12.L) 23 دسمبر جمعۃ المبارک علی الصباح لاہور جاتے ہوئے اپنے دوستوں کے سمیت حادثہ میں وفات پا گئے۔ مرحوم انتہائی نیک سیرت وصالح اور ہر دلعزیز نوجوان تھے، دینی ذوق کے حامل اور علمائے دین سے گہری عقیدت و محبت رکھتے تھے، تقریباً دس سال قبل ان کی ملازمت کا تعلق چک نمبر 42/12.L کے گرلز سکول سے ہوا۔ تو حضرت حافظ عبدالرشید چیمہ مرحوم (مدفون جنت البقیع) کے مدرسہ عربیہ رحیمیہ میں مدرسہ کے طلباء کو سکول کی تعلیم پر مامور ہوئے۔ جماعتی تعلق جمعیت علماء اسلام سے قائم ہوا، گذشتہ سال اپریل میں مولانا دین محمد شوقؒ کے انتقال کے بعد مدرسہ عربیہ رحیمیہ 42/12.L اور دفتر مجلس احرار اسلام و دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے اکاؤنٹنٹ (محاسب) کے طور پر خدمات انجام دینے لگے، حاجی عبداللطیف خالد چیمہ، حافظ حبیب اللہ چیمہ اور ان کے احباب کے ساتھ خصوصی تعلق و محبت کرتے تھے اور یہ سب کچھ حافظ عبدالرشید چیمہؒ کی نسبت سے تھا۔ خانقاہ سراجیہ اور حلقۂ احرار و جمعیت کے ساتھ والہانہ محبت رکھتے تھے۔ حاجی عبداللطیف خالد چیمہ کے رفیق سفر ہونے کا بہت شوق رکھتے تھے اور کئی اسفار ان کے ساتھ کرتے رہے، حادثہ والے دن بھی حاجی صاحب کی ہمراہی میں سیالکوٹ کے سفر کا ارادہ رکھتے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھے لیکن تقدیر کے فیصلے بہرحال انسانی تدبیروں پر غالب آ کر رہتے ہیں، حادثہ میں انتقال کر جانے والے تینوں حضرات کی نماز جنازہ 23/دسمبر جمعۃ المبارک کو 45/12.L میں ادا کی گئی۔ جس میں گاؤں اور گردونواح کے لوگوں کی بہت بڑی تعداد شریک ہوئی، نماز جنازہ میں قاضی محمد ذیشان آفتاب، قاری محمد قاسم، حافظ حبیب اللہ چیمہ، مولانا منظور احمد، قاری محمد سدید، حافظ حبیب اللہ رشیدی، قاری محمد سعید، حکیم محمد قاسم، شاہد حمید، قاضی عبدالقدیر، سعید احمد عارفی سمیت اکثر ساتھیوں نے شرکت کی۔

★ سید محمد کفیل بخاری کی پھوپھی، سید عطاء المنان بخاری کی خالہ اور سید محمد اویس بخاری کی والدہ ماجدہ 8/دسمبر کو گوجرانوالہ میں انتقال کر گئیں۔

★ حاجی محمد احمد صاحب رحمہ اللہ: شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے خادم خاص حاجی دین محمد رحمۃ اللہ علیہ (بادامی باغ، لاہور) کے فرزند اکبر حاجی محمد احمد صاحب 14/دسمبر کو لاہور میں انتقال کر گئے۔ آپ کی عمر سو سال تھی، جناب فضل احمد اور جناب حبیب احمد آپ کے چھوٹے بھائی ہیں، جناب عزیز احمد اور خلیل احمد آپ کے فرزندان ہیں۔ حاجی دین محمد رحمتہ اللہ علیہ کا حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ بہت گہرا تعلق تھا، وہ شاہ جی کے بھائی بنے ہوئے تھے اور لاہور میں ہمیشہ ان کے میزبان رہے۔ اس تعلق کو خود حاجی صاحب، آپ کی اولاد اور خاندان نے خوب نبھایا اور اب تک نبھاتے چلے آ رہے ہیں۔ حاجی محمد احمد صاحب مرحوم نے حضرت لاہوری اور حضرت امیر شریعت کو خوب دیکھا، سنا تھا۔ زندگی کے آخری ایام تک وہ انہی بزرگوں کا تذکرہ کرتے رہے، انہیں یاد کرتے رہے اور ان کے واقعات سناتے رہے۔ انہوں نے اپنی اولاد اور خاندان کو انہی اکابر کے ساتھ جوڑا، اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرمائے اور خطائیں معاف فرمائے اور مغفرت فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آپ کے برادران، فرزندان اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔

## دعاءِ صحت

● مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما ابن امیر شریعت مولانا سید عطاء المؤمن بخاری دامت برکاتہم شدید علیل ہیں

● حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ ایک سال سے کومے میں ہیں

● مجلس احرار اسلام بہاول پور کے صدر قاری عبدالعزیز صاحب ● مدرسہ معمورہ کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی علیل ہے

● سید محمد کفیل بخاری کے چچا محترم سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب علیل ہیں ● سید محمد کفیل بخاری کی بھانجی اور مفتی سید صبیح الحسن کی ہمشیر علیل ہیں ● لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب طویل عرصے سے علیل ہیں

● مجلس احرار اسلام چکڑ الہ ضلع میانوالی کے کارکن اولیا خان شدید علیل ہیں

● مجلس احرارِ اسلام چشتیاں کے کارکن حافظ فاروق احمد علیل ہیں

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعاء فرمائیں، اللہ تعالیٰ انہیں شفا کاملہ عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com